حضرۃ الامیر سینیٹر پروفیسر ساجد میر اور دیگر قائدین کا دورۂ جامعہ

گزشتہ دنوں قائد جمعیت حضرۃ الامیر سینیٹر پروفیسر ساجد میر صاحب رابطۃ الجامعات کے سلسلہ میں جامعہ تشریف لائے ،ان کے ہمراہ سیکرٹری اطلاعات مرکزیہ و رکن مرکزی رؤیت ہلال کمیٹی مولانا محمد نعیم بٹ ،ڈپٹی سیکرٹری جنرل مرکزی جمعیت اہلحدیث پنجاب مولانا محمد یونس آزاد اور حافظ محمد شفیق الرحمان خطیب مرید کے بھی تھے۔ نمازِ ظہر کے بعد جامع مسجد سلطان اہلحدیث میں ایک بڑے اجتماع سے حضرۃ الامیر نے خطاب فرمایا۔ جس میں جامعہ اور اس کی تمام شاخوں کے اساتذہ، طلبہ، آئمہ مساجد اور خطباء شریک ہوئے، ان سے پہلے مولانا نعیم بٹ نے بھی خطاب کیا۔ بعد ازاں حضرۃ الامیر نے رئیس الجامعہ علامہ مدنی صاحب اور دیگر اساتذہ اور منتظمین سے مرکزی جمعیت اہلحدیث کی سیاسی پالیسی کے حوالہ سے گفتگو کی۔

جامعہ کے ششماہی امتحانات میں امتیازی پوزیشن حاصل کرنے والے خوش نصیب طلبہ

22 جولائی کو جامعہ میں منعقد ہونے والی سیرت کانفرنس میں ششماہی امتحانات میں جامعہ بھر میں امتیازی پوزیشن حاصل کرنے والے خوش نصیب طلبہ کو رئیس الجامعہ علامہ محمد مدنی صاحب نے انعامات تقسیم کیے۔

قسم الدراسات الاسلامیہ والعربیہ (درس نظامی) میں جامعہ بھر میں ثانیہ متوسطہ کے غلام مرتضیٰ (اول) اور ثانیہ متوسطہ ہی کے عبدالمحسن (دوم) اور اولیٰ عالیہ کے عبدالرزاق (سوئم) پوزیشن حاصل کی۔ اور شعبہ حفظ میں مکمل قرآن مجید حفظ کرنے والے گروپ میں حافظ احمد حسین نے (اول)، حافظ غلام رؤف نے (دوئم) اور حافظ عبدالوحید نے (سوئم) پوزیشن حاصل کی۔ جبکہ دوسرے گروپ میں محمد ابرار بن محمد غضنفر (اول)، کلیم اللہ (دوئم)، قاسم مدنی بن حافظ عبدالرؤف اور رضوان احمد نے (سوئم) پوزیشن حاصل کی۔

وفیات

حاجی عبدالرقیب، چوہدری عبدالسمیع، عبدالرفیع، عبدالوقیع اور عبدالشفیع کو صدمہ

جامع مسجد اہلحدیث محلہ مستریاں جہلم کی انجمن کے صدر حاجی عبدالرقیب کے بڑے بھائی اور چوہدری عبدالسمیع کے والد محترم اور چوہدری عبدالباسط کے تایا چوہدری عبداللطیف (پنساری) طویل عرصہ بیمار رہنے کے بعد مورخہ 10 جولائی بروز سوموار راولپنڈی میں انتقال فرما گئے۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔ مرحوم بڑے خوش اخلاق، شریف النفس اور ملنسار انسان تھے۔ ان کی نمازِ جنازہ مدیر الجامعہ حافظ عبدالحمید عامر نے پڑھائی۔

سلطان محمود، طارق محمود، عمران محمود کو صدمہ

محمد نذیر صاحب کی اہلیہ اور سلطان محمود، طارق محمود اور عمران محمود کی والدہ والدہ محترمہ طویل علالت کے بعد مورخہ یکم اگست بروز منگل اس دارِ فانی سے کوچ کر گئیں۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔ مرحومہ بڑی متقی اور پرہیزگار خاتون تھیں۔ ان کی نمازِ جنازہ رئیس الجامعہ علامہ مدنی صاحب نے پڑھائی۔